# 26887 ـ بعض مفید پروگرام کے دوران موسیقی سننے کا حکم

## سوال

بعض مفید پروگرام مثلا اخبارات کی سرخیاں وغیرہ پر مشتمل پروگرام جن کے دوران موسیقی بھی ہو سننے کا حکم کیا ہے ؟

## پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

اس کے سننے اور اس سے استفادہ کرنے میں کوئی حرج نہیں، لیکن جب موسیقی شروع ہو تو ریڈیو کی آواز بند کر دی جائے حتی کہ موسیقی ختم ہو جائے، کیونکہ موسیقی آلات لہو میں شامل ہوتی ہے، اللہ تعالی اسے ترک کرنے میں آسانی پیدا فرمائے، اور اس کے شر سے عافیت بخشے.